او آئی سی سیکرٹریٹ کی جانب سے ہندوستان کے حوالے سے جاری بیان پر میڈیا کے سوالات پر سرکاری ترجمان کا جواب

04 اپریل 2023

ہندوستان کے حوالے سے او آئی سی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان پر میڈیا کے سوالات کے جواب میں، سرکاری ترجمان، شری ارندم باغچی نے کہا:

"ہم آج او آئی سی سیکرٹریٹ کی طرف سے ہندوستان کے حوالے سے جاری کردہ بیان کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ یہ ان کی فرقہ وارانہ ذہنیت اور ہندوستان مخالف ایجنڈے کی ایک اور مثال ہے۔ او آئی سی ہندوستان مخالف قوتوں کا آلہ کار بن کر صرف اپنی ساکھ کو نقصان پہنچا رہی ہے۔"

نئی دہلی

04 اپریل 2023